© rasailojaraid.com



# یوم آزادی کے موقع پر الشریعہ اکادمی میں تقریب

الشریعہ اکادمی گوجرانوالہ کے زیر اہتمام ۱۴۔ اگست ۲۰۰۴ء بروز ہفتہ وطن عزیز پاکستان کے ۵۸ ویں یوم آزادی کے موقع پر ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی۔ پروگرام کے مہمان خصوصی الشیخ حبیب النجار تھے جبکہ نقابت کے فرائض تین سالہ خصوصی کورس کے سال اول کے طالب علم حافظ ابوتراب نے انجام دیے۔ پروگرام کا آغاز حافظ محمد کاشف قیصر نے تلاوت کلام پاک سے کیا، جبکہ مولانا مطیع الرحمٰن نے رسول مقبول ﷺ کی خدمت میں ہدیہ نعت پیش کیا۔ اس کے بعد حافظ اسجد محمود نے قومی ترانہ پیش کیا اور تمام شرکا نے ان کے ساتھ کھڑے ہو کر قومی ترانہ پڑھا۔

بعد ازاں طلبا کے دو گروپوں نے سیرت مصطفیٰ ﷺ اور تحریک پاکستان کے بارے میں کوئز پروگراموں میں نہایت دلچسپی سے حصہ لیا۔ ایک گروپ نے سیرت مصطفیٰ کوئز پروگرام میں جبکہ دوسرے گروپ نے تحریک پاکستان کوئز پروگرام میں کامیابی حاصل کی۔ دونوں گروپوں کے طلبا کو انعامات دیے گئے۔

کوئز پروگرام کے بعد طلبا نے یوم آزادی کے حوالے سے مختلف عنوانات پر خوب صورت انداز میں اپنے مافی الضمیر کا اظہار کیا اور تحریک آزادی کے مجاہدین اور کارکنوں کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔

تقریب کے آخر میں مجموعی کارکردگی پر ایک سالہ خصوصی تربیتی کورس (برائے فضلا) کے ہونہار طالب علم مولانا مطیع الرحمٰن کو خصوصی انعام دیا گیا۔

پروگرام کے اختتام پر تمام شرکا نے وطن عزیز کی سالمیت اور بقا اور اسلامی نظام کے عملی نفاذ کے لیے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی۔



© rasailojaraid.com